
بیابان
DANNY BULANADI
mcnabb

Published by the Comic Bible Society, LLC
Copyright © 2021

Kingstone Comics maintains copyright to this comic book as provided by United States copyright law.

Print and digital copies of this version may be freely distributed without penalty under a Creative Commons license.



اپنی بیوی صفورہ کی وفات کے بعد مُوسیٰؔ نے ایک کُوشی عورت سے بیاہ کرلیا۔
یہ دیکھو۔ ہمارے بھائی نے ایک کُوشی عورت سے بیاہ کرلیا ہے۔
ایک اور معاملہ بھی ہے جسے ہمیں اپنے بھائی کو بتانے کی ضرورت ہے۔۔۔
کیا خُداوند نے فقط مُوسیٰؔ ہی سے باتیں کی ہیں؟
کیا اُس نے ہم سے بھی باتیں نہیں کیں؟
یاد رکھیں۔ موسیٰ ایک بہت ہی حلیم شخص تھا، وہ رُویِ زمین کے سب آدمیوں سے زیادہ حلیم تھا۔
سو خُداوند نے ناگہان مُوسیٰؔ اور ہارُونؔ اور مریمؔ سے کہا کہ تُم تینوں نِکل کر خیمہِ اِجتماع کے پاس حاضِر ہو۔ سو وہ تینوں وہاں آئے۔
ہارُونؔ اور مریمؔ۔۔۔ میرے پاس آؤ۔۔۔ میری بات سنو۔۔۔
اگر تُم میں کوئی نبی ہو تو مَیں جو خُداوند ہُوں اُسے رویا میں دِکھائی دُوں گا اور خواب میں اُس سے باتیں کرُوں گا۔
پر میرا خادِم مُوسیٰؔ میرے سارے خاندان میں امانت دار ہے۔
مَیں اُس سے مُعمّوں میں نہیں بلکہ رُوبرُو اور صریح طَور پر باتیں کرتا ہُوں اور اُسے خُداوند کا دِیدار بھی نصِیب ہوتا ہے۔
سو تُم کو میرے خادِم مُوسیٰؔ کی بدگوئی کرتے خوف کیوں نہ آیا؟



خداوند خوش نہ تھا...
؟؟!!
تمہیں کوڑھ ہو گیا ہے!!
تب ہارُون مُوسیٰؔ سے کہنے لگا ہائے میرے مالِک! اِس گُناہ کو ہمارے سر نہ لگا کیونکہ ہم سے نادانی ہُوئی اور ہم نے خطا کی۔
اور مریمؔ کو اُس مَرے ہُوئے کی طرح نہ رہنے دے جس کا جسم اُس کی پیدایش ہی کے وقت آدھا گلا ہُوا ہوتا ہے۔
اَے خُدا! مَیں تیری مِنّت کرتا ہُوں اُسے شِفا دے۔
اور خُداوند نے مُوسیٰؔ سے کہا کہ اگر اُس کے باپ نے اُس کے مُنہ پر فقط تُھوکا ہی ہوتا تو کیا سات دِن تک وہ شرمِندہ نہ رہتی؟
سو وہ سات دِن تک لشکرگاہ کے باہر بند رہے۔ اِس کے بعد وہ پھر اندر آنے پائے۔
چُنانچہ مریمؔ سات دِن تک لشکرگاہ کے باہر بند رہی اور لوگوں نے جب تک وہ اندر آنے نہ پائی کُوچ نہ کیا۔


گنتی 12:9-16


خُداوند نے مُوسیٰ سے کہا کہ تُو ہر قبیلہ سے ایک آدمی بھیجنا کہ وہ مُلکِ کنعان کا حال دریافت کریں۔
اُن میں اُن کا معاون یشوع تھا۔
تُم اِدھر جنُوب کی طرف سے جا کر پہاڑوں میں چلے جانا۔
اور دیکھنا کہ وہ مُلک کیسا ہے اور جو لوگ وہاں بسے ہُوئے ہیں وہ کیسے ہیں۔ زورآور ہیں یا کمزور؟
اور تھوڑے سے ہیں یا بُہت؟ اور تُم اُس مُلک کا کُچھ پھل لیتے آنا۔
40 دن بعد وہ اُس سرزمین کے بارے میں دریافت کر کے لوٹے۔
اور اُن بارہ جاسوسوں نے واپس آ کر مُوسیٰ اور بنی اِسرائیل کی ساری جماعت کو سب کیفیّت سُنائی اور اُس مُلک کا پھل اُن کو دِکھایا۔
ہم نے ایسے انگور کبھی نہیں دیکھے!



گنتی 13:1-26


اُس ملک میں واقعی دُودھ اور شہد بہتا ہے اور یہ وہاں کا پھل ہے!
لیکن جو لوگ وہاں بسے ہُوئے ہیں وہ زورآور ہیں۔
اور اُن کے شہر بڑے بڑے اور فصِیل دار ہیں اور ہم نے بنی عناق کو بھی وہاں دیکھا۔
اُس مُلک کے جُنوبی حِصّہ میں تو عمالیقی آباد ہیں اور حِتّی اور یبُوسی اور اموری پہاڑوں پر رہتے ہیں اور سمُندر کے ساحِل پر اور یَردَن کے کنارے کنعانی بسے ہُوئے ہیں۔
موسیٰ، تو ہم کو ہماری موت کے پاس لے آیا ہے!
چلو ہم ایک دم جا کر اُس پر قبضہ کریں کیونکہ ہم اِس قابِل ہیں۔
ہم اِس لائق نہیں ہیں کہ اُن لوگوں پر حملہ کریں کیونکہ وہ ہم سے زِیادہ زورآور ہیں۔
وہ ایک ایسا مُلک ہے جس کے رہنے والے باشِندوں کو کھا جاتے ہیں اور وہاں جِتنے آدمی ہم نے دیکھے وہ سب بڑے قدآور ہیں۔
اور ہم نے وہاں بنی عَناق کو بھی دیکھا جو جبّار ہیں اور جبّاروں کی نسل سے ہیں اور ہم تو اپنی ہی نِگاہ میں ایسے تھے جیسے ٹِڈّے ہوتے ہیں!

گنتی 13:27-33


کاش ہم مِصر ہی میں مَر جاتے! یا کاش اِس بیابان ہی میں مَرتے!
خُداوند کیوں ہم کو اُس مُلک میں لے جا کر تلوار سے قتل کرانا چاہتا ہے؟ پھر تو ہماری بیویاں اور بال بچّے لُوٹ کا مال ٹھہریں گے۔
کیا ہمارے لِئے بہتر نہ ہو گا کہ ہم مِصر کو واپس چلے جائیں؟
وہاں ہم کِسی کو اپنا سردار بنالیں اور مِصر کو لَوٹ چلیں۔


خدا ہمیں وہ اچھا ملک دے گا۔
وہ نہایت اچھا مُلک ہے اگر خُدا ہم سے راضی رہے تو وہ ہم کو اُس مُلک میں پہنچائے گا۔
تُم خُداوند سے بغاوت نہ کرو۔
اُس مُلک کے لوگوں سے نہ ڈرو۔ وہ تو ہماری خُوراک ہیں۔
اُن کی پناہ اُن کے سر پر سے جاتی رہی ہے اور ہمارے ساتھ خُداوند ہے۔
ہم تم کو سنگسار کریں گے۔ تم سب کو!

گنتی 14:1-10



یہ لوگ کب تک میری توہین کرتے رہیں گے؟ اور باوجُود اُن سب مُعجزوں کے جو مَیں نے اِن کے درمیان کِئے ہیں؟
مَیں اِن کو وبا سے مارُوں گا اور میراث سے خارِج کرُوں گا۔۔۔لیکن تُجھے ایک اَیسی قوم بناؤں گا جو اِن سے کہیں بڑی اور زِیادہ زورآور ہو۔
لیکن مصری اِس کے متعلق سُنیں گئے!
پس اگر تُو اِس قَوم کو ایسے ہی مرنے دے تو وہ قَومیں جِنھوں نے تیری شُہرت سُنی ہے کہیں گی کہ چُونکہ خُداوند اِس قَوم کو اُس مُلک میں پہچانے کے قابل نہ تھا۔
خُداوند قہر کرنے میں دِھیما اور شفقت میں غنی ہے۔ وہ گُناہ اور خطا کو بخش دیتا ہے۔
سو تُو اپنی رحمت کی فراوانی سے اِس اُمّت کا گُناہ جیسے تُو مِصر سے لے کر یہاں تک اِن لوگوں کو مُعاف کرتا رہا ہے اب بھی مُعاف کر دے۔
مَیں نے تیری درخواست کے مُطابق مُعاف کِیا۔
بہرحال، وہ اِس ملک کو جِس کے دینے کی قَسم مَیں نے اُن کے باپ دادا سے کھائی تھی دیکھنے بھی نہ پائیں گیں اور جِنھوں نے میری توہین کی ہے اُن میں سے بھی کوئی اُسے دیکھنے نہیں پائے گا۔
پر اِس لِئے کہ میرے بندہ کالِب نے میری پُوری پَیروی کی ہے مَیں اُس کو اُس مُلک میں جہاں وہ ہو آیا ہے پُہنچاؤں گا اور اُس کی اَولاد اُس کی وارِث ہوگی۔
سو کل تُم گُھوم کر اُس راستہ سے جو بحرِ قُلزم کو جاتا ہے بیابان میں داخل ہو جاؤ۔


سو تُو اُن سے کہہ۔۔۔مجھے اپنی حیات کی قَسم ہے کہ جَیسا تُم نے میرے سُنتے کہا ہے مَیں تُم سے ضرُور وَیسا ہی کرُوں گا۔
تُمھاری لاشیں اِسی بیابان میں پڑی رہیں گی اور تُمھاری ساری تعداد میں سے یعنی بِیس برس سے لے کر اُس سے اُوپر اُوپر کی عُمر کے تُم سب جِتنے گِنے گئے اور مُجھ پر شِکایت کرتے رہے۔
تم میں سے کوئی اُس مُلک میں داخل نہ ہو پائے گا سِوائے کالِب اور یشُوع کے۔
اور تُمھارے بال بچّے جِن کی بابت تُم نے یہ کہا کہ وہ تو لُوٹ کا مال ٹھہریں گے۔۔۔میں اُن کو وہاں پُہنچاؤں گا اور جِس مُلک کو تُم نے حقِیر جانا وہ اُس کی حقِیقت پہچانیں گے۔
تُمھاری لاشیں اِسی بیابان میں پڑی رہیں گی۔اور تُمھارے لڑکے بالے چالِیس برس تک بیابان میں چرواہوں کی طرح پھریں گے۔۔۔اُن چالِیس دِنوں کے حِساب سے جِن میں تُم اُس مُلک کا حال دریافت کرتے رہے تھے۔
تُم اپنے گُناہوں کا پَھل پاتے رہو گے اور تب تُم میرے مُخالِف ہو جانے کو سمجھو گے۔
مَیں خُداوند یہ کہہ چُکا ہُوں کہ مَیں اِس پُوری خبِیث گروہ سے جو میری مُخالفت پر مُتّفِق ہے قطعی اَیسا ہی کرُوں گا۔اِن کا خاتمہ اِسی بیابان میں ہو گا اور وہ یہِیں مَریں گے۔


اور جن آدمیوں کو مُوسیٰ نے مُلک کا حال دریافت کرنے کو بھیجا تھا،
جِنھوں نے مُلک کی بُری خبر دی تھی خُداوند کے سامنے وبا سے مَر گئے۔
اُن بارہ میں سے جو اُس مُلک کا حال دریافت کرنے گئے
تھے اُن میں سے یشُوعؔ اور کالِبؔ دونوں جِیتے بچے رہے۔
جب یہ باتیں سب بنی اِسرائیل نے سُنیں
تو وہ لوگ زار زار روئے اور وہ دُوسرے دِن
صُبح سویرے اُٹھ کر پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنے لگے۔
اب ہم حاضِر ہیں اور جس
جگہ کا وعدہ خُداوند نے کِیا ہے
وہاں جائیں گے۔
تُم کیوں اب خُداوند کی حُکم عدُولی
کرتے ہو؟ اِس سے کوئی فائدہ نہ ہوگا۔
عمالیقی اور کنعانی لوگوں کے مقابلے
کے لیے اُوپر مت چڑھو کیونکہ خُداوند
تُمہارے درمیان نہیں ہے۔
لیکن وہ لوگ شوخی مارتے
تھے۔
وہ اُوپر چڑھتے گئے لیکن نہ تو خُداوند کے عہد
کا صندُوق اور نہ ہی مُوسیٰ اُن کے ساتھ تھا۔
تب عمالیقی اور کنعانی جو اُس پہاڑ پر رہتے تھے اُن پر آ پڑے
اور اُن کو قتل کِیا اور حُرمہ تک اُن کو مارتے چلے آئے۔


اور قورحؔ اور بنی اِسرائیل میں سے ڈھائی سَو سردار مُوسیٰؔ کے مقابلہ میں اُٹھے۔
موسیٰ، تم کیوں سمجھتے ہو کہ تم اکیلے ہی خدا کے قریب ہو۔ ہم بھی ویسے ہی مُقدس ہیں جیسے تم۔ بلکہ پوری جماعت ہی مُقدس ہے۔ اب ہمیں تمہاری یا ہارون کی ضرورت نہیں ہے اور نہ ہی یہ بتانے کی کہ ہمیں کیا کرنا چاہیے اور کیا نہیں تم ہمارے منصف نہ بنو۔ ہم بھی تمہاری طرح فیصلے کر سکتے ہیں۔
یہ موسیٰ کا قصور ہے۔ اُس کے معیار بے حد بلند ہیں۔
ہاں میں بھی اس بیابان کے سفر سے اور خُدا کے معمولی باتوں پر ہمیں ہلاک کرنے سے تنگ پڑ گیا ہوں۔
موسیٰ خیمہ اجتماع میں گیا اور خُدا سے پوچھا کہ وہ کیا کرے۔
خُدا نے کہا، ”کہ اے لاوی کے بیٹوں تم نے بہت زیادہ ذمہ داری اُٹھا رکھی ہے۔ تم ایسے لوگوں کو کاہن بنانا چاہتے ہو جنہیں خُدا نے مقرر نہیں کیا۔
خُداوند دِکھا دے گا کہ کون اُس کا ہے اور کون مُقدّس ہے اور وہ اُسی کو اپنے نزدیک آنے دے گا کیونکہ جسے وہ خُود چُنے گا اُسے وہ اپنی قُربت بھی دے گا۔
کل صبح تُو اپنے سارے فریق کے لوگوں کو لے کر خُداوند کے آگے حاضر ہو اور تُو بھی اپنا بخُور دان لانا۔
گنتی 16:1-7


اگلے دن
تم جو اپنے آپ کو مقدس کہتے ہو قریب آؤ۔ تم جو چاہتے ہو کہ کاہن بنو اور لوگوں پر حکومت جتاؤ۔
خُدا کل یہاں پر ہم سے ملے گا اور چناؤ کرے گا۔ ہم اُس کی طاقت اور جلال کو دیکھیں گے۔
تُم اپنے آپ کو اِس جماعت سے بالکل الگ کر لو تاکہ مَیں اُن کو ایک پل میں بھسم کر دُوں۔
لیکن موسیٰ اور ہارون خداوند کے حضور مُنہ کے بل گرے۔
اَے خُدا! سب بشر کی رُوحوں کے خُدا! کیا ایک آدمی کے گُناہ کے سبب سے تیرا قہر ساری جماعت پر ہوگا؟
جلدی! اِن شرِیر آدمیوں کے خیموں سے نِکل جاؤ اور اُن کی کِسی چیز کو ہاتھ نہ لگاؤ تا نہ ہو کہ تُم بھی اُن کے سب گُناہوں کے سبب سے نیست ہو جاؤ۔

گنتی 16:19-26


اگر یہ آدمی وَیسی ہی مَوت سے
مَریں جو سب لوگوں کو آتی ہے تو مَیں
خُداوند کا بھیجا ہُوا نہیں ہُوں۔
پر اگر خُداوند کوئی نیا کرِشمہ دِکھائے اور زمِین اپنا مُنہ
کھول دے اور اِن کو اِن کے گھر بار سمیت نِگل جائے اور یہ جِیتے جی
پاتال میں سما جائیں تو تُم جاننا کہ اِن لوگوں نے خُداوند کی تحقِیر کی ہے۔
اُس نے یہ باتیں ختم ہی کی تِھیں کہ زمِین اُن کے پاؤں تلے پَھٹ گئی اور زمِین نے
اپنا مُنہ کھول دِیا اور اُن کو اور اُن کے گھر بار کو اور قورؔح کے ہاں کے سب آدمِیوں کو اور
اُن کے سارے مال و اسباب کو نِگل گئی اور پھر دوبارہ زمِین اُن کے اُوپر برابر ہو گئی۔
دھڑم
اُف
آہ مدد کرو!
یہ ے ے ے!
اور خُداوند کے حضُور سے آگ نِکلی اور اُن ڈھائی
سَو آدمِیوں کو جِنہوں نے بخُور گذرانا تھا بھسم کر ڈالا۔



گنتی 35-28:16


اُن کے بخوردانوں کو پکڑ کر مذبح پر منڈھا جائے۔
جب تم اِن منڈے ہوئے بخوردانوں کو مذبح پر دیکھو گے تو تمہارے لیے اُس دن کی یادگار ہوگی جب لوگوں نے خُدا کے حکموں کو نظرانداز کرتے ہوئے اپنے آپ کو کاہن بنایا۔
لیکن دُوسرے ہی دِن بنی اِسرائیل کی ساری جماعت نے مُوسیٰؑ سے شِکایت کی۔
تُم نے خُداوند کے لوگوں کو مار ڈالا ہے!
لیکن خُداوند کا جلال دوبارہ نُمایاں ہوا۔
تُم اِس جماعت کے بیچ سے ہٹ جاؤ تاکہ مَیں اِن کو ایک پل میں بھسم کر ڈالُوں۔
مُوسیٰؑ نے ہارُونؑ کو ہدایات دیں۔
اپنا بخُوردان لے اور مذبح پر سے آگ لے کر اُس میں ڈال اور اُس پر بخُور جلا اور جلد جماعت کے پاس جا کر اُن کے لِئے کفّارہ دے۔
ہارُونؑ بخُوردان لے کر جماعت کے بیچ میں دَوڑتا ہُوا گیا اور اُس نے بخُور جلایا اور اُن لوگوں کے لِئے کفّارہ دِیا۔ اور وہ مُردوں اور زِندوں کے بیچ میں کھڑا ہُوا۔ تب وبا مَوقُوف ہُوئی۔
سو علاوہ اُن کے جو قورحؑ کے مُعاملہ کے سبب سے ہلاک ہُوئے تھے چَودہ ہزار سات سَو آدمی وبا سے مَر گئے۔
گنتی 16:36-49
12


بنی اِسرائیل کی ساری جماعت دشتِ صِین میں آ گئی اور وہ لوگ قادِس میں رہنے لگے اور مرؔیم نے وہاں وفات پائی اور وہیں دفن ہُوئی۔
تُم ہم کو اِس دشت میں اس لئے لائے ہو کہ ہم سے بھی چھٹکارہ حاصل کرو اور ہمارے جانور بھی یہاں مَریں۔
تُم نے کیوں ہم کو مِصرؔ سے نِکال کر اِس بُری جگہ پُہنچایا ہے؟
کاش کہ ہم بھی اپنے بھائیوں کے ساتھ مر جائیں جنہیں خدا نے مارا تھا!
یہ تو بونے کی اور انجیروں اور تاکوں اور اناروں کی جگہ نہیں ہے؟
بلکہ یہاں تو پینے کے لِئے پانی تک مُیسّر نہیں!
ہارون کی لاٹھی کو لے اور جماعت سے کہہ۔
اُن کی آنکھوں کے سامنے اُس چٹان سے کہہ کہ وہ اپنا پانی دے۔
اور تُو اُن کے لِئے چٹان ہی سے پانی نِکالنا۔ یُوں جماعت کو اور اُن کے چوپایوں کو پِلانا۔


سُنو اَے باغیو! کیا ہم تُمہارے
لِئے اِسی چٹان سے پانی نِکالیں؟
ٹھاہ
لیکن جو چیز موسیٰ نے کی اُس سے خداوند
ناخوش ہوا اور اُس نے اُن دونوں سے بات کی۔
تُم نے میرا یقین نہیں کِیا کہ بنی اِسرائیل
کے سامنے میری تقدِیس کرتے، اِس لِئے تُم اِس
جماعت کو اُس مُلک میں جو مَیں نے اُن کو دِیا ہے
نہیں پُہنچانے پاؤ گے۔
اُس جگہ کا نام مریبہ رکھا گیا کیونکہ بنی اِسرائیل نے خُداوند سے جھگڑا کِیا
اور وہ اُن کے درمیان قدُّوس ثابت ہُوا۔

گنتی 20:9-13


موسیٰ نے ادوم کے بادشاہ کے پاس یہ پیغام بھیجا کہ آیا وہ اُن کی سرزمین سے گزر سکتے ہیں کیوں کہ اُن کا تعلق یعقوب اور عیسو سے تھا۔
لیکن ادوم ایک بڑی فوج کے ساتھ نکلا اور انہیں وہاں سے گزرنے سے انکار کر دیا۔
بنی اِسرائیل کی ساری جماعت کوہِ ہور پُہنچی۔ تو ہارون فوت ہو گیا کیونکہ خداوند نے کہا تھا، وہ اُس مُلک میں جو مَیں نے بنی اِسرائیل کو دِیا ہے جانے نہیں پائے گا۔ کیونکہ تم دونوں نے مریبہ کے چشمہ پر میرے کلام کے خِلاف عمل کِیا۔
لیکن جیسے ہی وہ کوہِ ہور سے روانہ ہوئے وہ دوبارہ شکایت کرنے لگے۔ اِس مرتبہ خدا نے ان کے ساتھ ایک الگ طریقہ سے برتاؤ کیا۔
موسیٰ کی قیادت ۔ اور اس کو مزید کتنے عرصے تک برداشت کرنا چاہئے؟
باربار–ایک ہی کھانے کا ذکر نہیں کرنا۔
ارے! دیکھو۔
بہت سارے۔۔۔ سانپ!
خدا نے بہت سے زہریلے سانپوں کو خیمہ گاہ میں داخل ہونے اور لوگوں کو تلاش کرنے کے لئے تیار کیا۔ خدا مہربان ہے، لیکن وہ ہمیشہ کے لئے گناہ کرنے کی اجازت نہیں دے گا۔



جلد ہی خیمہ گاہ زہریلے سانپوں سے بھر گئی۔
حتیٰ کہ رات کے وقت خیموں میں بھی سانپ اُن کو کاٹتے تھے۔
خداوند ہماری مدد کر!
حسس
یہاں تک کے بچوں نے بھی اپنے ماں باپ کے گناہوں کی وجہ سے یہ مصیبت سہی۔
میری مدد کرو. مجھے سانپ نے کاٹ لیا ہے۔
نہیں نہیں!
ابا جان!
نہیں!


گنتی 6:21



تمام خیموں سے چیخنے چلانے کی آوازیں سُنائی دے رہی تھیں۔ گناہ کی مزدوری بڑی ہولناک تھی۔
تمام خیموں سے ایسی ہی آوازیں آ رہی تھیں اور ہر لمحہ اِن میں اضافہ ہو رہا تھا۔ بہت سے لوگ مر چکے تھے۔
ہمیں موسیٰ کو تلاش کرنا چاہیے۔ واقعی یہ خدا کا کام ہے۔ وہ ان لوگوں سے اِن کے گناہوں کے سبب ناراض ہے۔
اُف
اے خُدا، براہ کرم اپنے لوگوں پر مہربان ہو۔ ان کے گناہوں کو معاف کر دے۔
جا اور پیتل کا ایک ایسا ہی سانپ بنا جیسا اِن لوگوں کو کاٹ رہا ہے۔ اُسے ایک بلّی پر ٹکا دے اور جو سانپ کا ڈسا ہُوا اُس پر نظر کرے گا وہ جیتا بچے گا۔
تم ضرور خدا سے بات کرو۔ ہم اس سزا کے حقدار ہیں مگر تم خدا سے رحم کی دعا کرو۔
کب یہ لوگ جانیں گے کہ خدا گناہ کے بارے میں سنجیدہ ہے؟ اُنہیں خدا کے احکامات کی تعمیل کرنی چاہیے تاکہ وہ ایک پاک قوم بن جائے۔


گنتی 21:7-8


خدا نے ایک راہ فراہم کی ہے۔ صرف اِس سانپ کو دیکھو تو تم صحت یاب ہو جاؤ گے۔
وہ مر رہا ہے۔
نہیں خدا نے ایک راہ فراہم کردی ہے۔


ہر طرف سانپ موجود ہیں!
میرا شوہر!
مرنے سے پہلے ہمیں اِس کو بلی پر بنے پیتل کے سانپ کے پاس لے جانا ہوگا۔


دیکھو اور زندہ رہو!

گنتی 9:21






گنتی 13:32,9:21



پھر بنی اِسرائیل نے کُوچ کِیا اور دریایِ یَردن کے پار موآب کے مَیدانوں میں یریحُو کے مُقابِل خیمے کھڑے کِئے۔
جو کُچھ بنی اِسرائیل نے اموریوں کے ساتھ کِیا تھا وہ سب موآب کے بادشاہ بلق نے سُنا، اُس نے جلدی کی اور مدیانی بزرگوں سے مشورہ کیا۔
لوگوں کا ایک بڑا انبوہ مِصر سے نکل کر آیا ہے۔
یہ انبوہ ہمیں ایسا چٹ کر جائے گا جیسے بَیل مَیدان کی گھاس کو چٹ کر جاتا ہے۔
بلعام کے پاس پیغام بھیجو۔
سو اب تُو آ کر میری خاطر اِن لوگوں پر لعنت کر تا کہ وہ اُس زمین سے نکل جائیں۔ کیونکہ جس پر تُو لعنت کرتا ہے وہ ملعُون ہوتا ہے۔
آج رات تُم یہیں ٹھہرو اور جو کُچھ خُداوند مُجھ سے کہے گا اُس کے مُطابِق مَیں تُم کو جواب دُوں گا۔
تیرے ہاں یہ کون آدمی ہیں؟
یہ ملکِ موآب کے ہیں اور مجھے شہر کی سرحد پر لائے ہیں تا کہ میں اُن پر لعنت کروں۔
تُو ایسا نہ کرنا۔۔۔ اِس لِئے کہ میں نے اُن کو برکت دی ہے!




گنتی 22:1-12


تم اپنے مُلک کو لَوٹ جاؤ
کیونکہ خُداوند مُجھے تُمہارے ساتھ
جانے کی اِجازت نہیں دیتا۔
تب دُوسری دفعہ بلق نے اَور اُمرا کو بھیجا جو پہلوں سے بڑھ کر معزز اور شُمار میں بھی زِیادہ تھے۔
بادشاہ بلق نے یُوں کہا ہے کہ مَیں نِہایت
عالیٰ منصب پر تُجھے مُمتاز کرُوں گا اور جو کُچھ
تُو مُجھ سے کہے مَیں وہی کرُوں گا۔
اپنی قیمت خود بتاؤ!
اگر بلق اپنا گھر بھی چاندی اور سونے سے بھر کر مُجھے
دے تَو بھی مَیں خُداوند اپنے خُدا کے حُکم سے تجاوُز
نہیں کر سکتا ہوں۔
سو اب تُم بھی آج رات یہیں ٹھہرو تا
کہ مَیں دیکھُوں کہ خُداوند مُجھ سے اَور
کیا کہتا ہے۔
تُو اُٹھ کر اُن کے ساتھ جا مگر
جو بات مَیں تُجھ سے کہُوں اُسی
پر عمل کرنا۔

گنتی 22:13-20


بلعؔام صُبح کو اُٹھا اور اپنی گدھی
پر زِین رکھ کر موآب کے اُمرا
کے ہمراہ چلا۔
اس کے جانے کے سبب سے
خُدا کا غضب بھڑکا کیونکہ وہ
جانتا تھا کے اِس کے ارادے
ٹھیک نہیں ہیں۔
خُداوند نے ایک فرِشتہ ننگی
تلوار کے ساتھ بھیجا۔
بے زبان جانور
سڑک پر واپس جا!
اور پھر دوسری بار گدھی خُداوند کے فرِشتہ کو دیکھ کر دِیوار سے جا لگی اور بلعؔام کا پاؤں
دِیوار سے کچل دِیا۔
تم بیوقوف حیوان۔
تمہیں کیا ہو گیا ہے!
واااا۔۔۔
تب خُداوند کا فرِشتہ آگے بڑھ کر ایک اَیسے تنگ
مقام میں کھڑا ہو گیا جہاں دہنی یا بائیں طرف
مُڑنے کی جگہ نہ تھی۔
میں تمہیں مارنے سے بھی زیادہ
بُرا سلوک کرسکتا ہوں۔ تم بے زبان
جانور!

گنتی 22:21-27


تب خُداوند نے گدھی کی زُبان کھول دی۔۔۔
مَیں نے تیرے ساتھ کیا کِیا ہے کہ تُو نے مُجھے تین بار مارا؟
اِس لِئے کہ تُو نے مُجھے چِڑایا۔ کاش! میرے ہاتھ میں تلوار ہوتی تو مَیں تُجھے ابھی مار ڈالتا۔
کیا مَیں تیرے ساتھ پہلے کبھی اَیسا کرتی تھی؟
نہیں۔
تب خُداوند نے بلعام کی آنکھیں کھولیں۔
تُو نے اپنی گدھی کو تین بار کیوں مارا؟
دیکھ مَیں تُجھ سے مُزاحمت کرنے کو آیا ہُوں اِس لِئے کہ تیری چال میری نظر میں ٹیڑھی ہے۔
گدھی نے مُجھ کو دیکھا اور وہ تین بار میرے سامنے سے مُڑ گئی۔ اگر وہ میرے سامنے سے نہ ہٹتی تو مَیں ضرُور تُجھ کو مار ہی ڈالتا اور اُس کو جیتی چھوڑ دیتا۔
مُجھ سے خطا ہُوئی کیونکہ مُجھے معلُوم نہ تھا کہ تُو میرا راستہ روکے کھڑا ہے۔ سو اگر اب تُجھے بُرا لگتا ہے تو مَیں لَوٹ جاتا ہُوں۔
تُو اِن آدمیوں کے ساتھ چلا ہی جا لیکن فقط وُہی بات کہنا جو مَیں تُجھ سے کہُوں۔


تُو نے میرے پاس آنے میں کیوں دیر کی۔ کیا مَیں اِس قابل نہیں کہ تجھے عالیٰ منصب پر مُمتاز کرُوں!
دیکھ مَیں تیرے پاس آ تو گیا ہُوں پر جو بات خُدا میرے مُنہ میں ڈالے گا وُہی مَیں کہُوں گا۔
میرے لِئے یہاں سات مذبحے بنوا دے۔
بلق نے بَیل اور بھیڑوں کی قُربانی گذرانی اور دُوسرے دِن صُبح کو بلق بلعام کو ساتھ لے کر اُسے بعل کے بُلند مقاموں پر لے گیا۔ وہاں سے اُس نے دُور دُور کے اِسرائیلیوں کو دیکھا۔
میری خاطِر میرے دشمنوں پر لعنت کر۔
مَیں اُس پر لعنت کیسے کرُوں جس پر خُدا نے نہیں کی؟
اِس کا شُمار نہ ہو گا گرد کے ذرّوں کو کَون گِن سکتا؟
اوہ، میری عاقبت بھی اُن ہی کی مانند ہو!
یہ تُو نے مُجھ سے کیا کِیا؟ تُو نے میرے دشمنوں کو برکت دے دی!
اب میرے ساتھ دُوسری جگہ چل، وہاں تو بنی اسرائیل کی جماعت کا ایک چھوٹا حصہ دیکھے گا۔ میری خاطِر اُن پر لعنت کرنا۔



سووہ اُسے پِسگہ کی چوٹی پر لے گیا، وہیں اُس نے سات مذبحے بنائے اور ہر مذبح پر ایک بچھڑا اور ایک مینڈھا چڑھایا۔
تُو یہاں اپنی سوختنی قُربانی کے پاس ٹھہرا رہ جب کہ مَیں اُدھر جا کر خُداوند سے مِل کر آؤں۔
اُٹھ اَے بلق! اور سُن۔
خُدا اِنسان نہیں کہ جُھوٹ بولے اور نہ وہ آدم زاد ہے کہ اپنا اِرادہ بدلے۔
خدا نے کیا کہا ہے؟
خُداوند اُس کا خُدا اُس کے ساتھ ہے۔ وہ اُن کا بادشاہ ہے!
یعقُوب پر کوئی افسُون نہیں چلتا اور نہ اِسرائیل کے خِلاف فال کوئی چیز ہے۔
شیر کی مانِند، وہ تب تک نہیں لیٹتی جب تک شِکار نہ کھالے۔
اگر تو اُن پر لَعنت نہیں کر سکتا تُو اُن کو برکت تو نہ دے۔
کیا مَیں نے تُجھ سے نہیں کہا کہ جو کُچھ خُداوند کہے وُہی مُجھے کرنا پڑے گا؟
اچھا آ، مَیں تُجھ کو ایک اَور جگہ لے جاؤں شاید خُدا کو پسند آئے کہ تُو میری خاطر وہاں سے اُن پر لَعنت کرے۔




گنتی 23:14-27


تب بلق بلعام کو فغور کی چوٹی پر لے گیا۔ سات مذبحے اور بنائے۔
جب بلعام نے دیکھا کہ خُداوند کو یہی منظور رہے کہ اِسرائیل کو برکت دے تو وہ پہلے کی طرح شگون دیکھنے کو اِدھر اُدھر نہ گیا۔
میں نے وہ سب دیکھا جو خدا نے مجھے دکھایا۔۔۔ میری آنکھیں کھلی تھیں۔
اُس کے چرسوں سے پانی بہے گا اور وہ بہت سی جگہوں پر بسیں گے۔
اُس کا بادشاہ اَجاج سے بڑھ کر ہوگا اور اُس کی سلطنت کو عرُوج حاصِل ہوگا۔
خُدا اُسے مِصر سے نِکال کر لِئے آرہا ہے۔
اُس میں جنگلی سانڈ کی سی طاقت ہے۔ وہ اُن قوموں کو جو اُس کی دُشمن ہیں چٹ کر جائے گا۔
؟؟!!
وہ شیر کی طرح بلکہ شیرنی کی مانند لیٹ گیا ہے۔ اب کون اُسے چھیڑے؟
جو تُجھے برکت دے وہ مُبارک اور جو تُجھ پر لعنت کرے وہ ملعُون ہو!


مَیں نے تُجھے بُلایا کہ تُو میرے دُشمنوں پر لَعنت کرے لیکن تُو نے تِینوں باراُن کو برکت ہی برکت دی۔
سواب تُو اپنے مُلک کو جا۔ خُداوند نے تُجھے اَیسے اِعزاز سے محرُوم رکھا۔
مَیں نے تیرے اُن ایلچِیوں سے بھی جِن کو تُو نے میرے پاس بھیجا تھا یہ نہیں کہہ دِیا تھا کہ مَیں خُداوند کے حُکم سے تجاوُز نہیں کر سکتا۔ چاہے تم جتنی مرضی دولت کہو۔
مَیں اپنی قَوم کے پاس لَوٹ کر جاتا ہُوں سوتُو آ۔ مَیں تُجھے آگاہ کردُوں کہ یہ لوگ تیری قَوم کے ساتھ آخِری دِنوں میں کیا کیا کریں گے۔
اوراسرائیل اَدوم اور شعِیر دونوں پر قبضہ کرلے گا اور اپنے دشمنوں پر قابو پائے گا۔
اور یعقُوب ہی کی نسل سے وہ فرمانروا اُٹھے گا جو بہت سے شہروں کو نابُود کردے گا۔
قَوموں میں پہلی قَوم عَمالیق کی تھی پر اُس کا انجام ہلاکت ہے۔
تو بھی قِینی خانہ خراب ہوگا۔ یہاں تک کہ اَسُور تُجھے اسِیر کرکے لے جائے گا۔
کِتّیم کے ساحِل سے جہاز آئیں گے اور وہ اَسُور اور عِبر دونوں کو دُکھ دیں گے۔
اس کے بعد بلعام اور بلق نے اپنے اپنے ملک کی راہ لی۔


اور اِسرائیلی شِطّیم میں رہتے تھے اور کچھ اسرائیلی لوگوں نے موآبی عَورتوں
کے ساتھ حرام کاری شرُوع کردی۔
غیر قوم کے اس گروہ کی عبادت کا ایک
حصہ سراسر بدکاری پر مشتمل تھا۔
تب خُداوند کا قہر بنی اِسرائیل پر بھڑکا۔ اور اُس نے موسیٰ کو حکم کیا۔
قَوم کے سب سرداروں
کو پکڑ کر مار ڈال۔
اُن کو خُداوند کے حضُور دُھوپ
میں ٹانگ دے تاکہ خُداوند کا شدِید
قہر اِسرائیل پر سے ٹل جائے۔
چنانچہ، بزرگ اور بدکاری کے مرتکب قائدین اور ان افراد کو موسیٰ اور
اسرائیل کے قاضیوں کی ہدایت کے مطابق ہلاک کردیا گیا۔



گنتی 25:1-5


لیکن جب موسیٰ اور بنی اِسرائیل کی جماعت خَیمۂِ اِجتماع
کے دروازہ پر رو رہی تھی تو ایک اِسرائیلی نے عجیب کام کیا۔
ہم نے اتنی جلدی جھوٹے
معبودوں کی عبادت شروع کردی
اِس کے لئے ہمیں معاؒف کر۔
تمام لوگوں کی آنکھوں کے سامنے ایک مِدیانی عَورت کو خیمہ اجتماع کے سامنے لے آیا۔
فِینحاؔس، کاہن (جو ہارون کا پوتا تھا) نے یہ دیکھا تو اُس
مَرد کے پیچھے خَیمہ میں گیا۔
اور اُس مَرد کے پیچھے جا کر خَیمہ کے اندر گُھسا اور اُس اِسرائیلی مَرد
اور اُس عَورت دونوں کا پیٹ چھید دِیا۔
تب بنی اِسرائیل میں سے وبا جاتی رہی اور جتنے اِس
وبا سے مَرے اُن کا شُمار چَوبِیس ہزار تھا۔



گنتی 25:6-9






گنتی 25:10-26:63


اور جس طرح موسیٰ نے حکم دیا کاہن ہر روز خیمہ اجتماع میں جاتے اور قربانیاں گزرانتے۔
40 سال بیابان میں گزارنے کے بعد جب ہر کوئی وعدہ کی سرزمین میں داخل ہونے کی تیاری کر رہا تھا۔ خُدا نے موسیٰ کو اُوپر پہاڑ پر بلایا۔ وہاں پر خُدا کے ساتھ آخری ملاقات کے بعد اُس نے تنہائی میں وفات پائی۔
فوراً ہی اُسکی روح کو خدا کی حضوری میں پہنچا دیا گیا۔ وہاں، اُس کو تب تک رہنا تھا جب تک کہ وقت پورا نہ ہو جاتا اور وہ اپنے لوگوں سے اُس سرزمین پر جسکا وعدہ خدا نے ابرہام سے کیا تھا دوبارہ ملتا۔
اِستِثنا 34:4-5


اس کے 400 سال گزرنے کے بعد یہوواہ خدا نے ابرہام کو بلایا کہ وہ اپنے رشتہ داروں کو چھوڑے اور اُس سرزمین کی طرف جائے جو خدا اُسے دے گا۔
خدا نے ابرہام اور سارہ سے وعدہ کیا کہ وہ اُنہیں ایک عظیم قوم بنائے گا اور اُن کے بیٹے اضحاق کے ذریعہ اس وعدہ کی تکمیل ہوگی۔
یعقوب، جسکا نام تبدیل کر کے اسرائیل رکھا گیا تھا، کے بارہ بیٹے اور بارہ قبیلے بنے جن سے لوگوں کی کثیر تعداد نے جنم لیا۔
انہوں نے غلامی برداشت کی، بیابان میں موسیٰ کے ساتھ پھرے، خدا سے شریعت حاصل کی۔ اور اب بالآخر وعدہ کی ہوئی سرزمین میں داخل ہوئے۔
بیابان کے پورے سفر میں ایک نوجوان موسیٰ کے ساتھ رہ کر دیکھ اور سیکھ رہا تھا کہ کیسے بنی اسرائیل کی قیادت کی جاسکتی ہے۔
وہ شخص طاقتور جنگجو یشوع تھا۔


موسیٰ کے خدا کے پاس چلے جانے کے بعد، خدا نے یشوع کو چنا کہ وہ لوگوں کو اُس سرزمین تک لے جانے میں راہنمائی کرے جسکا خدا نے ابرہام سے وعدہ کیا تھا۔
لوگوں نے اُس پیشن گوئی کو یاد رکھا کہ اجنبی سرزمین پر وہ اجنبی ہوں گے اور اِس کے 40 سال بعد وہ اپنے آباؤ اجداد کی سرزمین پر واپس لوٹ جائیں گے۔


جس دن اُنہوں نے دریائے یردن پار کیا، آسمان سے من آنا ختم ہوگیا اور اُنہوں نے زمین سے تازہ کھانا کھایا۔
یہ ایک شاندار سرزمین ہے جو خُدا نے ہمیں دی ہے۔
ہاں، یہ ہمارے بچوں کو پروان چڑھانے اور پاکیزگی اور امن وسکون کی تعلیم پانے کے لئے ایک عمدہ جگہ ہے۔
اِستثنا 9:34; یشوع 12:5








**SUPERBIBLE.TV**